SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

*For immediate Release*

**July 1, 2016**

ایس ای سی پی نے ویلیوئرزر جسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کا مسودہ جاری کر دیا

اسلام آباد (یکم جولائی) سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ویلیوئرزر جسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کا مسودہ عوامی آراء و تجاویز کے لئے جاری کر دیا ہے اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد و ادارے تیس دن کے اندر نئے ریگولیشن پر اپنی تجاویز و آراء سے کمیشن کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ موصول ہونے والی تجاویز کی روشنی میں ان ضوابط کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

نئے ریگولیشن پیشہ ورانہ ویلیوئرز کے کام کو ریگولیٹ کرنے کے لئے تشکیل دئے گئے ہیں۔ ریگولیشن میں ویلیوئرز کی کمپنی کی صورت میں رجسٹریشن کا طریقہ کار فراہم کیا گیا ہے اور ویلیوئرز کے لئے اہلیت کا معیار بھی مقرر کر دیا گیا ہے۔ نئے ریگولیشن میں ویلیوئرز کے کام کا معیار برقرار رکھنے کے لئے فریم ورک بھی دیا گیا ہے جبکہ رجسٹرڈ ویلیوئرز کو ریٹنگ جاری کرنے کے لئے کوالٹی کنٹرول بورڈ بھی قائم کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ ان ریگولیشن میں ویلیوئیشن کمپنی کے ڈائریکٹرز اور سنئیر مینجمنٹ کے لئے کوڈ آف کنڈیکٹ اور اخلاقی معیارات بھی تجویز کئے گئے ہیں۔

اس سے پہلے یہ سیکٹر مجموعی طور پر ریگولیٹ نہٰن کیا جارہا تھا۔ ایس ای سی پی نے اس شعبے کو ریگولیٹ کرنے کے لئے فریم ورک تشکیل دیا اور بین الاقوامی تجربات اور مقامی حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ار تمام شراکت داروں بشمول سٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان بینکنگ ایسوسی ائیشن اور پیشہ وارانہ ویلیوئرز کی مشاورت سے ان ریگولیشن کے مسودہ کو ترتیب دیا۔